القول الغالب فی مبحث ایمان ابی طالب

ایمان ابو طالب کے موضوع پر منفرد کتاب

قرآن مجید سے دلائل

کتب احادیث سے دلائل

کتب مفسرین سے دلائل

کتب محدثین سے دلائل

کتب شارحین حدیث سے دلائل

کتب حنفی سے دلائل

کتب شافعی سے دلائل

کتب مالکی سے دلائل

کتب حنبلی سے دلائل

کتب صوفیاء سے دالائل

کتب سلسلہ قادریہ سے دلائل

کتب سلسلہ چشتیہ سے دلائل

کتب تاریخ سے دلائل

مرتب۔ محمد حنیف رضوی (کرناٹک)

امام جلال الدین سیوطی کے نزدیک ابوطالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Siyuti

Hazrat imam Jalaluddin Siyuti Sureh Tauba Ki Aayat

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

Tarjam.Nabi Aur iman Walon Ko Layaq Nahi Ke Mushrikon ki Bakshish Chahen Agarche Wo Rishtedar Hun Jabke Uneh Khol Chuka Ke Wo Dozakhi Hain

Ks Shane Nozul Farmate Howe Likhte Hain Ke "is Aayat Ke Nuzool Ka Taluk Huzoor ﷺ Ka Apne Cha cha Abu Talib Ke Liye Astagfaar Aur Baaz Sahaba Ka Apne Walidain Mushrikain Ke Liye Astagafar Karne Se Hai

TAFSIR JALALAIN VOL 1 PAGE 205

تفسير الجلالين الميسر

للإمامين

جَلال الدِّين المحلّيّ و جَلال الدِّين السّيُوطيّ

٧٩١ - ٨٦٤ ٨٤٩ - ٩١٣

حقّقه وعلّق عليه

الدكتور فخر الدين قباوة

مكتبة لبنان ناشرون

ٱلتَّـٰٓئِبُونَ ٱلْعَـٰبِدُونَ ٱلْحَـٰمِدُونَ ٱلسَّـٰٓئِحُونَ ٱلرَّٰكِعُونَ ٱلسَّـٰجِدُونَ ٱلْـَٔامِرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ وَٱلنَّاهُونَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ وَٱلْحَـٰفِظُونَ لِحُدُودِ ٱللَّهِ ۗ وَبَشِّرِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٢﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِىِّ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا أَن يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوٓا أُولِى قُرْبَىٰ مِنۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَـٰبُ ٱلْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾ وَمَا كَانَ ٱسْتِغْفَارُ إِبْرَٰهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَن مَّوْعِدَةٍ وَعَدَهَآ إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُۥٓ أَنَّهُۥ عَدُوٌّ لِّلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ إِنَّ إِبْرَٰهِيمَ لَأَوَّٰهٌ حَلِيمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ ٱللَّهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ إِذْ هَدَىٰهُمْ حَتَّىٰ يُبَيِّنَ لَهُم مَّا يَتَّقُونَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ ﴿١١٥﴾ إِنَّ ٱللَّهَ لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ يُحْىِۦ وَيُمِيتُ ۚ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِن وَلِىٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿١١٦﴾ لَّقَد تَّابَ ٱللَّهُ عَلَى ٱلنَّبِىِّ وَٱلْمُهَـٰجِرِينَ وَٱلْأَنصَارِ ٱلَّذِينَ ٱتَّبَعُوهُ فِى سَاعَةِ ٱلْعُسْرَةِ مِنۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُۥ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٧﴾

المحذوف، ﴿في التَّوراةِ والإنجيلِ والقُرآنِ - ومَن أوفَى بِعَهدِهِ مِنَ اللهِ﴾؟ أي: لا أحد أوفى منه - ﴿فاستَبشِرُوا﴾، فيه التفات عن الغَيبة، ﴿بِبَيعِكُمُ الَّذي بايَعتُم بِهِ. وذٰلِكَ﴾ البيع ﴿هُوَ الفوزُ العَظِيمُ﴾ ١١١: المُنيل غايةَ المطلوب. ﴿التّائِبُونَ﴾، رفع على المدح بتقدير مبتدأ، من الشّرك والنفاق ﴿العابِدُونَ﴾: المُخلصون العبادةَ لله ﴿الحامِدُونَ﴾ له على كُلّ حال ﴿السّائحُونَ﴾: الصائمون، ﴿الرّاكِعُونَ السّاجِدُونَ﴾ أي: المُصلّون، ﴿الآمِرُونَ بِالمَعرُوفِ والنّاهُونَ عَنِ المُنكَرِ، والحافِظُونَ لِحُدُودِ اللهِ﴾: لأحكامه بالعمل بها. ﴿وبَشِّرِ المُؤمِنِينَ﴾ ١١٢ بالجنّة.

١- ونزل في استغفاره ﷺ لعمّه أبي طالب، واستغفار بعض الصحابة لأبوَيه المُشركَين: ﴿ما كانَ لِلنَّبِيِّ والَّذِينَ آمَنُوا أن يَستَغفِرُوا لِلمُشرِكِينَ، ولَو كانُوا أُولِي قُربَى﴾: ذوي قرابة، ﴿مِن بَعدِ ما تَبَيَّنَ لَهُم أنَّهُم أصحابُ الجَحِيمِ﴾ ١١٣: النار، بأن ماتوا على الكُفر. ﴿وما كانَ استِغفارُ إبراهِيمَ لِأبِيهِ إلّا عَن مَوعِدةٍ، وَعَدَها إيّاهُ﴾ بقوله: «سأستَغفِرُ لَكَ رَبِّي» رجاءَ أن يُسلم، ﴿فَلَمّا تَبَيَّنَ لَهُ أنَّهُ عَدُوٌّ لِلّهِ﴾، بموته على الكُفر، ﴿تَبَرَّأَ مِنهُ﴾ وترك الاستغفار له. ﴿إنَّ إبراهِيمَ لَأَوّاهٌ﴾: كثير التضرّع والدُّعاء، ﴿حَلِيمٌ﴾ ١١٤: صبور على الأذى.

٢- ﴿وما كانَ اللهُ لِيُضِلَّ قَومًا، بَعدَ إذ هَداهُم﴾ للإسلام، ﴿حَتّى يُبَيِّنَ لَهُم ما يَتَّقُونَ﴾ من العمل، فلا يتّقوه فيستحقّوا الإضلال. ﴿إنَّ اللهَ بِكُلِّ شَيءٍ عَلِيمٌ﴾ ١١٥، ومنه مُستحِقُّ الإضلالِ والهِداية. ﴿إنَّ اللهَ لَهُ مُلكُ السَّماواتِ والأرضِ، يُحيِي ويُمِيتُ، وما لَكُم﴾ - أيها الناس - ﴿مِن دُونِ اللهِ﴾ أي: غيرَه ﴿مِن وَلِيٍّ﴾: يحفظكم منه، ﴿ولا نَصِيرٍ﴾ ١١٦: يمنع عنكم ضرره.

٣- ﴿لَقَد تابَ اللهُ﴾ أي: أدام توبته ﴿عَلَى النَّبِيِّ، والمُهاجِرِينَ والأنصارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ في ساعةِ العُسرةِ﴾ أي: وقتِها - وهي حالهم في غزوة تبوكَ، كان الرجلان يقتسمان تمرة، والعشرة يعتقبون البعير الواحد، واشتدّ الحرّ حتّى شربوا الفَرْث - ﴿مِن بَعدِ ما كادَ تَزِيغُ﴾، بالتاء والياء: تَميل ﴿قُلُوبُ فَرِيقٍ مِنهُم﴾ عن اتّباعه إلى التخلّف، لِما هم فيه من الشّدّة، ﴿ثُمَّ تابَ عَلَيهِم﴾ بالثبات - ﴿إنَّهُ بِهِم رَؤُوفٌ رَحِيمٌ﴾ ١١٧ - و﴾ تاب ﴿على

---

(١) سبب النزول في المفصل. وما كان أي: لا يصح ولا يجوز. وآمنوا: صدّقوا الله ورسوله بالقلب واللسان والعمل. ويستغفر: يطلب من الله ستر الذنوب وعدم المؤاخذة عليها. والمشرك: من عبد مع الله بعض مخلوقاته بالتقديس والطاعة. وتبين: اتضح وثَبَتَ. وأنهم أي: المشركين. والأصحاب: جمع صاحب. والموعدة: التعهد بشيء. وبقوله يعني: الآية ٤٧ من سورة مريم. والعدو: المعادي والمحارب للشرع والدين. وتبرأ منه: تخلص منه وتخلى عنه وقطع استغفاره.

(٢) روي أنه كان بعض المسلمين بعيدين عن المدينة، يشربون الخمرة ويصلون إلى بيت المقدس، ثم علموا أن القرآن نزل بغير ذلك بعد مدة، وخشوا أن يكونوا آثمين، ولما نزلت الآية ١١٣ بمنع الاستغفار للمشركين خاف المؤمنون أن يؤاخذوا بما صدر عنهم قبل نزولها، فنزلت هذه الآية تطمئن بعدم المؤاخذة. التسهيل ٢:٨٦ وفتح القدير ٢:٥٧٩. وما كان أي: وما يزال. ولا يضل قومًا أي: لا يوقع الضلال في قلوبهم، ما لم ينصرفوا عن الطاعة بإرادة منهم وإصرار. وهداهم: أمدّ قدراتهم بما يناسب اختيارهم واستعدادهم. ويبين: يوضح. ويتقون: يتجنبون. والعليم: المحيط بدقائق الأمور وخفاياها. و«مستحق» يعني أن الاستحقاق يكون بما يختاره الإنسان، عن علم وإرادة، فيمدّه الله بما يناسب ذلك. والملك: الحيازة والتصرف. والسماء: ما يحيط بالأرض من عوالم عُلوية. والأرض: موطن الحياة الدنيا. والمراد أيضًا: وما في الكون كله. انظر تفسير الآية ٥ من سورة آل عمران. ويحيي: يَخلق ما يشاء من العدم. ويميت: يُفني ما يشاء من الخلق. والولي: الذي يتولى الأمور ويرعى المصالح. والنصير: المعين المنقذ.

(٣) التوبة على النبي: رفع درجاته إلى الكمال. والمهاجرون: المسلمون الذين هجروا ديارهم إلى المدينة. والأنصار: المسلمون من أهل المدينة. والتوبة عليهم: قبول توبتهم عما بدا لدى بعضهم من الضيق والوساوس قبل السير إلى تبوك، وخلال الطريق. واتبعوه: صاحبوه. والساعة: الوقت. والعسرة: الشّدّة. وغزوة تبوك يقال لها: غزوة العُسرة. ويعتقبونه: يركبه هذا ساعة وهذا ساعة. والفرث: ما يكون في كَرِش الناقة أو البعير، يُستخرج بعد الذبح ليُشرب بدل الماء. وكاد: قرُب جدًا. وبالياء يريد القراءة «يَزيغُ». والقلوب: جمع قلب. ومعنى الرؤوف والرحيم أنه يرفق بالمؤمنين دائمًا، ويعطف عليهم كثيرًا في المعاملة، فلا يحمّلهم ما لايطيقون، ويزيل عنهم الضرر ويقدّر لهم النفع، ويتجاوز عما كان منهم من الشدائد. والثلاثة هم المذكورون في الآية ١٠٦. وخُلّفوا: أُخّروا وتُركوا عن قبول العذر. فقد تخلف هؤلاء عن غزوة تبوك، ولم يختلقوا عذرًا. انظر «المفصل». والمراد بالقرينة أن ما يأتي من الآية يؤيد جعل «خُلّفوا» لتأخير التوبة لا للتخلف عن الغزوة. وضاقت عليهم: اسودّت في أعينهم، وكأنها تقلصت فلم يجدوا مكانًا يلجؤون إليه. ورحبت: اتسعت. والأنفس: جمع نفس. ومخففة أي: «أنْ» أصلها «أنّ». والملجأ: المكان يُلجأ إليه ويُعتصم به. ومن الله أي: من غضبه وعقابه. وإليه أي: إلى استغفاره. ويتوبوا أي: توبة مقبولة. والتواب: الكثير القبول لتوبة الصادقين. والرحيم: الكثير العطف بالإحسان. واتقوه: تجنبوا غضبه واطلبوا بالطاعة والصلاح رضاه. وكونوا: صيروا دائمًا في النية والقول والعمل. والصادقون: أصحاب الصدق والوفاء.

مفسر قرآن امام قرطبی کے نزدیك ابو طالب کا ایمان ثابت نهیں

Abu Talib iman Sabit Nahi,,Mufassire Quran Qurtabi

imam Qurtaba Sureh Tauba Ki Aayat

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

KI Tafsir Mein Likhte Hain" Maut ke Waqat Aadmi Ki Zahiri Halat Ke Mutabiq Usper Hukam Lagaya Jaye ga Pas Agar Koi Halate iman Per faut Howa Tu Uske Liye is {iman} Ka Hukam Lagaya Jaye Ga Aur Agar Halate Kufar Per Faut Howa Tu Uske Mutabiq Hukam lagay Jaye Ga Aur Uske Batin Ki Halat Tera Rab Behtar Janta Hai Magar Ye Ke Huzoor ﷺ Ko Ko Hazrat Abbas رضی اللہ عنہ Ne Kaha Ya Rasool Allah Kiya aap Ne Apne Cha Cha Ko Kisi Shaye Ka Nafa Diya Hai? Tu Huzoor ﷺ Ne irshad Farmaya Haan Aur wo Azaab Ki Takhfif Ke Baare Shafa,at Aur Sifarish Hai Na Ke Jahanam Se Nikalne Ke Baare Mein Jaisa Ke Hum Ne ise Kitab "Al Tazkira" Mein Bayan Kiya hai ...**TAFSIRE QURTABI VOL 4 PAGE 757**

بے شک بڑے ہی نرم دل (اور) بردبار تھے"۔

اس میں تین مسائل ہیں:

مسئلہ نمبر 1۔ نسائی نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے کہ انہوں نے فرمایا: میں نے ایک آدمی کو اپنے والدین کے لیے استغفار کرتے ہوئے سنا حالانکہ وہ دونوں مشرک تھے، تو میں نے کہا: کیا تو ان دونوں کے لیے مغفرت طلب کر رہا ہے حالانکہ وہ دونوں مشرک ہیں؟ تو اس نے کہا: کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کے لیے مغفرت کی دعا نہیں کی؟ چنانچہ میں حضور نبی مکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور اس کا ذکر کیا تب یہ آیت نازل ہوئی: وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ (1) اس کا معنی یہ ہے: اے مومنو! تمہارے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اپنے باپ کے لیے استغفار کرنے میں کوئی حجت نہیں ہے، کیونکہ وہ فقط ایک وعدہ کو پورا کرنے کی وجہ سے تھی۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ نے آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لانے اور شرکاء کو چھوڑنے کا وعدہ کیا تھا، پھر جب وہ کفر پر مر گیا تو آپ کو معلوم ہوا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے، تو آپ نے اس کے لیے دعا چھوڑ دی، کلام میں إِيَّاهُ کی ضمیر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف لوٹ رہی ہے اور وعدہ کرنے والا آپ کا باپ ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وعدہ کرنے والے حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں، یعنی آپ نے اپنے باپ سے اس کے لیے مغفرت کی دعا کرنے کا وعدہ کیا تھا، پھر جب وہ حالت شرک میں ہی فوت ہو گیا تو آپ اس سے بیزار ہو گئے۔ اور اس وعدے پر دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي (مریم: 47) (میں مغفرت طلب کروں گا تیرے لیے اپنے رب سے)

قاضی ابو بکر بن العربی نے کہا ہے: حضور نبی مکرم ﷺ نے ابو طالب کے لیے استغفار کرنے کے بارے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے ساتھ ہی تعلق قائم کیا: سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي (مریم: 47) تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو خبر دی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ کے لیے استغفار کرنے کی وجہ اس کا کفر ظاہر ہونے سے پہلے ایک وعدہ تھا، پس جب آپ کے لیے اس کی طرف سے کفر ظاہر ہو گیا تو آپ اس سے بیزار ہو گئے، تو اے محمد! (ﷺ) آپ اپنے چچا کے لیے کیسے استغفار کر سکتے ہیں حالانکہ اس کی موت حالت کفر میں واقع ہو چکی ہے (2)۔

مسئلہ نمبر 2۔ موت کے وقت آدمی کی ظاہر حالت کے مطابق اس پر حکم لگایا جائے گا، پس اگر کوئی حالت ایمان پر فوت ہوا تو اس کے لیے اس (ایمان) کا حکم لگایا جائے گا اور اگر حالت کفر پر فوت ہوا تو اس کے لیے اس کے مطابق حکم لگایا جائے گا۔ اور اس کے باطن کی حالت تیرا رب بہتر جانتا ہے، مگر یہ کہ حضور نبی مکرم ﷺ کو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! ﷺ کیا آپ نے اپنے چچا کو کسی شے کا نفع دیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: "ہاں"۔ اور وہ عذاب کی تخفیف کے بارے شفاعت اور سفارش ہے نہ کہ جہنم سے نکلنے کے بارے میں، جیسا کہ ہم نے اسے کتاب "التذکرہ" میں بیان کیا ہے۔

1۔ سنن نسائی، کتاب الجنائز، جلد 1، صفحہ 286۔ جامع ترمذی، باب فی سورۃ التوبہ، حدیث نمبر 3026، ضیاء القرآن پبلی کیشنز

2۔ احکام القرآن لابن العربی، سورۂ توبہ، جلد 2، صفحہ 1023

ابو طالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر در منثور

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Siyuti

Hazrat imam Jalaluddin Siyuti Sureh Tauba Ki Aayat

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿۱۱۳﴾

Tafseer Mein Likhte Hain "Jab Abu Talib Qareeb ul Maut Howe Tu Huzoor ﷺ Unke Paas Tashrif Legaye Us Waqat Unke Paas Abujahal Aur Abdullah Bin Abi Umaiya Maujod Thy Tu Huzoor Nabi Karim ﷺ Ne Farmaya Aye Chacha Kaho لا الہ الا اللہ Main iske Mutaliq Allah Ki Bargah Mein Tumhare Liye Shahadat Dun Ga Ye Sunkar Abu jahal Aur Abdullah Bin Abi Umaiya Dono Ne Kaha Aye Abu Talib Kya Tum AbdulMutalib Ke Deen Se Eraaz Karo Ge? Huzoor ﷺ USper Kalma Shahadat Pesh Farmate Rahe Aur Abu Jahal Aur Abdullah Bin Umaiya Donno is Guftagu ke Bare Mein AbuTalib Ki Muawinat Karte Rahe Aakhiar kaar Abu Talib Ne unse Guftagu Karte Howe Kaha Ke Wo Abdul Mutalib Ke Deen Per Hain Aur لا الہ الا اللہ Kehne Se inkar Kar Diya Tu Huzoor ﷺ Ne Farmaya Mein Zaror Ba Zaror Tumhare Liye Astagfar Karon Ga Jab Tak Ke Mujhe Tere Liye isse Se Rook Na Diya jaye Pas Ye Ayat Nazil Howi

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿۱۱۳﴾

TAFSER DURRES MANSOOR VOL 3 PAGE 853

تفسیر دُرِّ منثور مترجم

جلد سوم

تالیف

امام جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر السیوطی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۹۱۱ھ

ترجمہ متن قرآن

ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

مترجمین

سید محمد اقبال شاہ ۔ محمد بوستان ۔ محمد انور مگھالوی

ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی ۔ پاکستان

(اور) بردبار تھے"۔

امام ابن ابی شیبہ، احمد، بخاری، مسلم، نسائی، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم، ابوالشیخ، ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے دلائل میں حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ اور انہوں نے اپنے باپ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ جب حضرت ابوطالب قریب الموت ہوئے تو حضور نبی مکرم ﷺ ان کے پس تشریف لے گئے۔ اس وقت ان کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ موجود تھے۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے چچا! کہو لا الہ الا اللہ۔ میں اس کے متعلق اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمہارے لیے شہادت دوں گا۔ یہ سن کر ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ دونوں نے کہا: اے ابوطالب! کیا تم عبدالمطلب کے دین سے اعراض کرو گے؟ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ان پر کلمہ شہادت پیش فرماتے رہے اور ابوجہل اور عبداللہ دونوں اس گفتگو کے بارے میں حضرت ابوطالب کی معاونت کرتے رہے۔ آخر کار حضرت ابوطالب نے ان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ عبدالمطلب کے دین پر ہیں اور لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار کر دیا۔ تو حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا: میں ضرور بہ ضرور تمہارے لیے استغفار کروں گا جب تک کہ مجھے تیرے لیے اس سے روک نہ دیا جائے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی: مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ۔ الآیہ۔ اور اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوطالب کے بارے میں یہ آیت نازل فرمائی: اور رسول اللہ ﷺ کو فرمایا: إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ (القصص:56) "بے شک آپ ہدایت نہیں دے سکتے جس کو آپ پسند کریں۔ البتہ اللہ تعالیٰ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت یافتہ لوگوں کو" (1)۔

امام طیالسی، ابن ابی شیبہ، احمد، ترمذی، نسائی، ابویعلی، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم، ابوالشیخ، حاکم اور انہوں نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے، ابن مردویہ، بیہقی نے شعب الایمان میں اور ضیاء نے المختارہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول بیان کیا ہے کہ میں نے ایک آدمی کو سنا، وہ اپنے والدین کے لیے استغفار کر رہا تھا حالانکہ وہ دونوں مشرک تھے۔ تو میں نے کہا: کیا تو اپنے والدین کے لیے استغفار کر رہا ہے حالانکہ وہ دونوں مشرک ہیں؟ تو اس نے جواب دیا: کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کے لیے استغفار نہیں کی تھی؟ سو میں نے اس کا ذکر حضور نبی کریم ﷺ سے کیا۔ تب یہ آیت نازل ہوئی (2)۔

امام ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ رحمہ اللہ نے حضرت علی بن ابی طلحہ رحمہ اللہ کی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول بیان کیا ہے کہ وہ ان کے لیے استغفار کر رہے تھے یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ پس جب یہ آیت نازل ہوئی۔ تو وہ اپنے مردوں کے لیے استغفار کرنے سے رک گئے۔ اور انہیں زندوں کے لیے استغفار کرنے سے نہ روکا گیا یہاں تک کہ وہ مر گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ ...... الآیہ یعنی آپ اس کے لیے مغفرت طلب کرتے رہے جب کہ وہ زندہ تھا۔ اور جب مر گیا تو آپ نے استغفار چھوڑ دیا (3)۔

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 11، صفحہ 50، دار احیاء التراث العربی بیروت

2۔ شعب الایمان، باب فی مباعدۃ الکفار والمفسدین، جلد 7، صفحہ 41 (9378) بیروت

3۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 11، صفحہ 52

ابوطالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر ابن عباس

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Tafir ibne Abbas

Tafsir Ibne Abbas Mein Sureh Tauba Ki Aayat 113 ki Tafsir Mein likha Hai

"Jab Abu Talib ki Maut Ka Waqat Qareeb Aaya Tu Huzoor ﷺ Unke Paas Tashrif Legaye Us Waqat Abu Talib Ke Paas Abujahal Aur Abdullah Bin Abi Umaiya Baithe Thy Huzoor ﷺ Ne Farmaya Aye Chacha لاالہ الااللہ padh lo Taa ky Allah Ke Saamne Tumhari Sifarish Karsakun Ye Sunkar Abu jahal Aur Abdullah Bin Abi Umaiya Kehne Lage Aye Abu Talib Kya Abdul Muttalib Ke Mazhab Se Eraaz Karte Ho? Ye Dono Musalsal Abu Talib Se Guftagu Karte Rahe Bil Aakhir Unka Aakhri Kalam Yahi Tha Ke Millate Abdul Muttalib Per Marta Hun isper Huzoor ﷺ Ne Farmaya Mein Tumhare Liye Barabar Astagfar Kaaron Ga Jab Tak Ke Mujhe isse Rook Na Diya Jaaye Tab Ye Aayat Utri

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

Tafser ibnne Abbas Vol 2 Page 15

کہ گناہوں سے توبہ کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والے اور اس کی حمد وثناء بیان کرنے والے اور روزہ رکھنے والے اور پانچوں نمازوں میں رکوع وسجدہ کرنے والے اور توحید واحسان کا حکم کرنے والے اور کفر اور ان باتوں سے جن کا شریعت اور سنت میں کہیں ذکر نہیں باز رہنے والے اور فرائض خداوندی کو قائم کرنے والے ہیں آپ ایسے مسلمانوں کو جنت کی خوشخبری سنا دیجیے۔

(۱۱۳) حضور اکرم ﷺ اور ان حضرات کے لیے جو کہ رسول اکرم ﷺ اور قرآن کریم پر ایمان لانے والے ہیں یہ جائز نہیں کہ وہ مشرکین کے لیے مغفرت کی دعا مانگیں خواہ وہ رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں تاکہ یہ ظاہر ہو جائے کہ یہ لوگ جہنمی ہیں، اس وجہ سے کہ یہ لوگ حالت کفر میں مرے ہیں۔

شانِ نزول: مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ (الخ)

حضرت امام بخاریؒ و مسلمؒ نے حضرت سعید بن مسیبؒ بواسطہ ان کے والد سے نقل کیا ہے کہ جب ابوطالب کی موت کا وقت قریب آیا تو رسول اکرم ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے، ابوطالب کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن أبي امیہ بیٹھا تھا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اے چچا کلمہ لا الٰہ الا اللہ پڑھ لو تاکہ اللہ تعالیٰ کے سامنے تمہاری سفارش کر سکوں، یہ سن کر ابوجہل اور عبداللہ کہنے لگے، اے ابوطالب کیا عبدالمطلب کے مذہب سے اعراض کرتے ہو، یہ دونوں مسلسل ابوطالب سے گفتگو کرتے رہے، بالآخر ان کا آخری کلام یہی تھا کہ ملت عبدالمطلب پر مرتا ہوں۔

اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا میں تمہارے لیے برابر استغفار کرتا رہوں گا جب تک کہ مجھے اس سے روک نہ دیا جائے، تب یہ آیت اتری۔

اور ابوطالب ہی کے واقعہ میں یہ آیت بھی نازل ہوئی ہے۔ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ (الخ)۔ اس حدیث کا سیاق اس بات پر دلالت کر رہا ہے کہ یہ آیت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

امام ترمذیؒ نے تحسین کے ساتھ اور امام حاکم نے حضرت علی ﷺ سے روایت کیا ہے کہ میں نے ایک شخص سے سنا کہ وہ اپنے والدین کے لیے استغفار کر رہا ہے، حالاں کہ وہ مشرک تھے، میں نے اس سے کہا کہ کیا اپنے مشرک والدین کے لیے بخشش طلب کرتے ہو، وہ کہنے لگا کہ ابراہیم علیہ السلام نے بھی اپنے والد کے لیے بخشش طلب کی تھی، حالاں کہ وہ مشرک تھے میں نے اس کا رسول اکرم ﷺ سے ذکر کیا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی یعنی پیغمبر کو اور دوسرے مسلمانوں کو جائز نہیں کہ مشرکین کے لیے الخ۔

امام حاکمؒ نے اور بیہقیؒ نے دلائل میں اور ان کے علاوہ دیگر حضرات نے حضرت عبداللہ ابن مسعود ﷺ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن قبرستان تشریف لے گئے اور ایک قبر کے پاس بیٹھ کر بہت لمبی دعا فرمائی، اس کے بعد روئے اور آپ کے رونے کے ساتھ میں بھی رویا، اس کے بعد آپؐ نے فرمایا کہ جس قبر کے پاس میں بیٹھا تھا

ابوطالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر ابن کثیر

Abu Talib Ki Kahtima islam Per Nahi Howi,,Tafsir ibne Kasir

Tafsir Ibne Kasir Mein Sureh Tauba Ki Aayat 113 ki Tafsir Mein likha Hai

"Hazrat Musaiyab Se marwi Hai Ky Jab Abu Talib ki Maut Ka Waqat Qareeb Aaya Tu Huzoor ﷺ Unke Paas Tashrif Legaye Us Waqat Abu Talib Ke Paas Abujahal Aur Abdullah Bin Abi Umaiya Baithe Howe Thy Huzoor ﷺ Ne Farmaya Aye Chacha لا الہ الا اللہ keh Dein is Kalme Ki Badaulat Main Allah Ke Haan Aapki {Magfirat Ke Liye} Hujjat Pesh Karun Ga Abu jahal Aur Abdullah Bin Abi Umaiya Kehne Lage Aye Abu Talib Kya Tum Abdul Muttalib Ke Mazhab Se Eraaz Karo ge ? Abu Talib Ne Jawab Diya Ke Main Millate Abdul Mutalib Per Qayam Hun Tu Huzoor ﷺ Ne Farmaya Mein Aapke Liye Us Waqat Tak Astagfar Karta Rahun Ga Jab Tak Mujhe isse Mana Na Kardiya Jaaye Tu Us Waqat Ye Aayat Karima Nazil Howi

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

Tafser ibne Kaseer Vol 2 Page 668

تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحٰبُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرٰهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِلّٰهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ﴿١١٤﴾

''درست نہیں ہے نبی کے لئے اور نہ ایمان والوں کے لئے کہ مغفرت طلب کریں مشرکوں کے واسطے اگرچہ وہ مشرک ان کے قریبی رشتہ دار ہی ہوں، جب کہ واضح ہو گیا ان پر کہ یہ دوزخی ہیں۔ اور نہ تھی استغفار ابراہیم کی اپنے باپ کے لئے مگر ایک وعدہ (کو پورا کرنے) کی وجہ سے جو انہوں نے اس سے کیا تھا اور جب ظاہر ہو گئی آپ پر یہ بات کہ وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے تو آپ بیزار ہو گئے اس سے۔ بیشک ابراہیم بڑے ہی نرم دل (اور) بردبار تھے''۔

حضرت مسیب سے مروی ہے کہ جب جناب ابوطالب کی وفات کا وقت قریب آیا تو نبی کریم ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے، اس وقت ان کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''چچا جان! ''لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ'' کہہ دیں، اس کلمہ کی بدولت میں اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ کی (مغفرت کے لئے) حجت پیش کروں گا''۔ ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ کہنے لگے: اے ابوطالب! کیا تم ملت عبدالمطلب سے اعراض کرو گے؟ انہوں نے جواب دیا کہ میں ملت عبدالمطلب پر قائم ہوں، تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''میں آپ کے لئے اس وقت تک استغفار کرتا رہوں گا جب تک مجھے اس سے منع نہ کر دیا جائے''۔ تو اس وقت یہ آیت کریمہ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ...... اور یہ إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ (القصص: 56) ''بے شک آپ ہدایت نہیں دے سکتے جس کو آپ پسند کریں، البتہ اللہ تعالیٰ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے''، نازل ہوئیں (1)۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک شخص کو اپنے مشرک والدین کے لئے استغفار کرتے ہوئے سنا تو میں نے اسے کہا کہ کیا تم اپنے مشرک والدین کے لئے استغفار کر رہے ہو؟ اس نے کہا کہ کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کے لئے استغفار نہیں کی تھی؟ میں نے نبی کریم ﷺ سے اس چیز کا تذکرہ کیا تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی (2)۔ اس روایت میں ''لَمَّا مَاتَ'' (جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد مر گئے) کے الفاظ بھی ہیں، نہ معلوم وہ الفاظ سفیان نے کہے ہیں یا اسرائیل نے یا پھر یہ الفاظ حدیث میں موجود ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ یہ الفاظ مجاہد سے ثابت ہیں (3)۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی معیت میں سفر پر تھے، ہم ایک ہزار کے قریب تھے۔ ایک جگہ آپ ﷺ نے ہمیں ٹھہرایا اور دو رکعتیں ادا کیں۔ پھر آپ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے کہ آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اٹھ کھڑے ہوئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، کیا ہوا آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے اللہ سے اپنی والدہ کے لئے استغفار کی درخواست کی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے اجازت نہیں دی تو آگ کے خوف سے دل اتنا پسیجا کہ آنسو جاری ہو گئے۔ میں نے تمہیں تین چیزوں سے منع کیا تھا: میں نے تمہیں زیارت قبور سے منع کیا تھا، اب قبروں کی زیارت کیا کرو، تاکہ ان کی زیارت تمہیں آخرت یاد دلائے، میں نے تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا تھا، اب کھاؤ اور جو چاہو ذخیرہ کر لو اور میں نے تمہیں برتنوں میں پینے سے منع کیا تھا، اب جس برتن میں چاہو پیو لیکن نشہ آور چیز مت پینا'' (4)۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ عازم مکہ ہوئے۔ ایک جگہ ایک قبر کے نشانات دکھائی دیئے تو وہاں بیٹھ

1۔ صحیح بخاری، تفسیر سورۂ توبہ، جلد 8 صفحہ 341، صحیح مسلم، کتاب الایمان 54، مسند احمد، جلد 5 صفحہ 533
2۔ مسند احمد، جلد 1 صفحہ 99
3۔ تفسیر طبری، جلد 11 صفحہ 45
4۔ مسند احمد، جلد 5 صفحہ 355

ابوطالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر روح البیان

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi-Rohul Bayan

Tafsir E Rool Ul Bayan Mein Hazrat ismail Haqqi Riwayat Likhte Hain ky" Huzoor ﷺ Ne abu Talib Se Farmaya Cha cha Aap Kalma E Shahadat Qaboul Farma Len Main Bargaah Rabbul e izzat Mein Aapke iman Ki Gawahi Dun Ga ..Abu Talib Ne Jawab Diya Agar Mujhe Nang wa Aar Ka Khayal Na Hota Tu Kalma Zaror Padh Leta Lekin Mujhe Apni Biradari Se Dar Lagta Hai Ke Wo Mere Baad Kehte Phiren Ge Ke Abu Talib Ne Maut Ke Khatre Se Kalma Padh Liya ..Jab Abu Talib Ne Kalma E islam Se Moon Moda Tu Usi Halat Mein Unki Maut Hogai Huzoor ﷺ Ne Farmaya Main Apne Cha Cha Abu Talib Ke Liye Dua e Magfirat Karta Rahun Ga Yahan Tak Ke Mera Allah Mujhe isse Mana Na Farmaye ...

Tafsire Rooh hul Bayan para 9,10,11 page 789

بادشاہ بن جاؤ گے بلکہ سارے عجمی تمہارے زیرِ فرمان ہو جائیں گے۔ ابوجہل نے کہا کہ ہم تمہیں بہت کچھ دے سکتے ہیں بلکہ بہترین عطا سے ہم دس گنا زائد تجھے دے سکتے ہیں لیکن بتایئے تو سہی وہ کلمۂ اسلام کیا شے ہے؟

آپ نے فرمایا:

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا اقرار کر کے اپنی گردنوں سے معبودانِ باطل کی پرستش کا طوق اتار دو۔

اس پر تمام کفار تضحیک کرتے ہوئے تالیاں بجانے لگے۔ پھر انہوں نے کہا:

تم ہم سے جس طرح کا مطالبہ کرو ہم ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر سورج بھی اٹھا کر میرے ہاتھ میں دے دو تب بھی مجھے منظور نہیں جب تک کہ کلمۂ اسلام قبول نہ کرو۔

یہ سن کر سب کے سب کہنے لگے: یہ غریب تمہیں کیا دے سکتا ہے۔ اٹھو اور اپنے دین کی بات کرو اور اسی پہ ڈٹ جاؤ یہاں تک کہ اس کا اور ہمارا فیصلہ خود اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔

یہ کہہ کر تمام قریش اٹھ گئے اور اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوطالب سے فرمایا: چچا جی! آپ کلمۂ شہادت قبول فرما لیں میں بارگاہِ رب العزت میں آپ کے ایمان کی گواہی دوں گا۔

ابوطالب نے جواب دیا: اگر مجھے ننگ و عار کا خیال نہ ہوتا تو کلمہ ضرور پڑھ لیتا۔ لیکن مجھے اپنی برادری سے ڈر لگتا ہے کہ وہ میرے بعد کہتے پھریں گے کہ ابوطالب نے موت کے خطرہ سے کلمہ پڑھ لیا۔

جب ابوطالب نے کلمۂ اسلام سے منہ موڑا تو اسی حالت میں مر گیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اپنے چچا ابوطالب کے لیے دعائے مغفرت کرتا رہوں گا یہاں تک کہ میرا اللہ کریم مجھے اس سے منع فرمائے۔

ازالۂ وہم اور ردِ وہابیہ و دیوبندیہ

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے دعائے مغفرت کا اہتمام فرمایا کہ ابوطالب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کرتا بلکہ ہر ممکن مالی و جانی مدد کرتا۔ چنانچہ اس کی موت کے بعد قریش نے مکہ معظمہ میں حضور علیہ السلام کو بہت ستایا اور اس قدر سخت اذیتیں دیں کہ ابوطالب کی زندگی میں ان کا تصور تک نہ تھا۔

چنانچہ مروی ہے کہ بعض شرارتیوں نے حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سرِ مبارک پر مٹی کا ٹوکرا پھینکا جسے آپ جھاڑتے ہوئے اپنے دولت کدہ میں تشریف لائے۔ آپ کی بعض صاحبزادیوں نے یہ حال دیکھا تو رونے لگیں۔

ف اس سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام کا ابوطالب کے لیے دعائے مغفرت کرنا صلہ کے طور پر تھی اس سے اختیار و عدمِ اختیار کو کسی قسم کا تعلق نہیں۔ وہابیہ دیوبندیہ خواہ مخواہ شور مچاتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کو اختیار ہوتا تو ابوطالب کو کلمہ کیوں نہ پڑھا دیتے۔ تفصیل فقیر کی تفسیر اویسی میں ہے۔ ۱۲

فیوض الرحمٰن

اردو ترجمہ

تفسیر روح البیان

پارہ نمبر ۹ ۱۰ ۱۱

مصنف

سراج العلماء زبدۃ الفضلاء حضرت مولانا شیخ اسماعیل حقی قدس سرہ

مترجم

شیخ القرآن والحدیث فیض ملت حضرت علامہ مفتی محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ

ناشر: مکتبہ اویسیہ رضویہ سیرانی روڈ بہاولپور (پاکستان)

ابوطالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر مظہری ثناء اللہ پانی پتی

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Tafsir Mazhari

Mufassir Quran Wa Sufi Hazrat Qazi Sana Ullah Pani pati Sureh Tauba Ki Aayat 113 ki Tafsir Mein likha Hain

Abu Talib Ke Marne Ke Waqat Rasool Allah ﷺ Unke Paas Tashrif Laye Abu Jahal Aur Abdullah Bin Umaiya Bin Mufaira Ko Wahan Maujod Paya Huzoor ﷺ Ne Abu Talib Se Farmaya Cha Cha Ek Baar لا الہ الا اللہ Keh Dijiye Taake Alah Ke Samne Main Aapki Taaf Se isko Dalil Ke Taur Per Pesh Kar Sakun Abu Jahal Aur Abdullah Bole Abu Talib Kya Tum Abdul Muttalib Ke Deen Se Phir Jawo Ge Rasool Allah ﷺ Kalma Tauheed Pesh karte Rahe Aur Abu Jahal Aur Abdullah Apni Baat Barabar Kehte Rahe Aakhar Abu Talib Ne Kaha Abdul Mutallib Ke Mazhab Per {Hun} Ek Riwayat Mein itna Aur Bhi Aaya Hai Ke Abu Talib Ne لا الہ الا اللہ Kehne inkar Kar Diya Tu Rasool Allah Ne Farmaya Wallah Jab Tak Mujhe Mumaniat Nahi Kar Di Jaye Gi Main Aapki Magfirat Ke Liye Dua Karta Rahun Ga is Per Ye Aayat Nazil Howi

"مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

Tafser Mazhari Vol 5 Page 276

بندہ اور خدا کے درمیان اللہ نے قائم کیے ہیں ان کی نگہداشت کرنے والے۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ الحافظون کو مستقل طور پر حرف عطف (واؤ) کے ساتھ ذکر کرنے سے اس امر پر تنبیہ کی گئی ہے کہ پہلے جن اعلیٰ خصائل کا ذکر تفصیل کے ساتھ کیا گیا ہے ان کا اجمالی مجموعہ حفظ حدود اللہ ہے وہ تفصیل تھی یہ اجمال ہے۔

میں کہتا ہوں شاید یہ وجہ بھی ہے کہ گزشتہ کلام میں جن صفات حمیدہ کا ذکر کیا گیا ہے ان کی حد بندی اس فقرہ میں کر دی گئی ہے تاکہ اپنی طرف سے ان میں کچھ زیادتی بھی نہ کی جائے نہ رہبانیت ہو نہ ظاہری شکل اور باطنی معنی میں کوئی کمی کی جائے۔ گویا مذکورہ بالا اوصاف کا مجموعہ ہوا ضوابط و قوانین کی تکمیل۔ اور حفاظت حدود کا معنی ہوا اخلاص اور حضور کامل کیونکہ حدود کی پابندی قلبی حضور کامل کے بغیر ممکن نہیں اور اخلاص و حضور قلب دل والوں کی صحبت سے حاصل ہوتا ہے۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٢﴾ اور ایمان والوں کو بشارت دے دو یعنی ان لوگوں کو بشارت دے دو جن کے اندر صفات مندرجہ بالا موجود ہیں۔ اَلْمُؤْمِنِيْنَ کے لفظ سے اس طرف اشارہ ہے کہ ایمان کا تقاضا صفات مذکورہ ہیں اور مومن کامل وہی ہوتا ہے جو صفات مذکورہ کا حامل ہو۔

کس بات کی بشارت دے دو اس کا ذکر نہیں کیا کیونکہ وہ نعمت جس کی بشارت دینے کا حکم دیا جا رہا ہے اتنی عظیم الشان ہے جو نہ بیان کی جا سکتی ہے نہ کسی کے دماغ میں اس کا تصور آسکتا ہے نہ کسی نے اس کو سنا ہے۔ واللہ اعلم۔

شیخین نے صحیحین میں سعید بن میسب کے باپ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ابو طالب کے مرنے کے وقت رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے ابو جہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بن مغیرہ کو وہاں موجود پایا۔ آپ نے ابو طالب سے فرمایا چچا لا الہ الا اللہ ایک بار کہہ دیجئے تاکہ اللہ کے سامنے میں آپ کی طرف سے اس کو دلیل کے طور پر پیش کر سکوں ابو جہل اور عبداللہ بولے ابو طالب کیا تم عبدالمطلب کے دین سے پھر جاؤ گے۔ رسول اللہ ﷺ (بار بار) کلمہ توحید پیش کرتے رہے اور ابو جہل عبداللہ اپنی بات برابر کہتے رہے آخر ابو طالب نے کہا عبدالمطلب کے مذہب پر۔ ایک روایت میں اتنا اور بھی آیا ہے کہ ابو طالب نے لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار کر دیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا واللہ جب تک مجھے ممانعت نہیں کر دی جائے گی میں آپ کی مغفرت کے لئے دعا کرتا رہوں گا۔ اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾ پیغمبر اور دوسرے مسلمانوں کو جائز نہیں کہ مشرکوں کے لئے مغفرت کی دعا مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی ہوں اس امر کے ظاہر ہونے کے بعد کہ یہ لوگ دوزخی ہیں۔

اس آیت سے معلوم ہو رہا ہے کہ زندہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت جائز ہے کیونکہ ایسی دعاء کا معنی ہے مشرکوں کو توفیق ایمان ملنے کی درخواست (اور اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ مستحسن) ہے مسلم نے حضرت ابو ہریرہ کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا سے فرمایا لا الہ الا اللہ کہہ دیجئے میں قیامت کے دن آپ کے لئے اس کی شہادت دوں گا چچا نے کہا اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ قریش عار دلائیں گے اور کہیں گے کہ ابو طالب نے ڈر کر ایسا اقرار کر لیا تو میں یہ کلمہ کہہ کر تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کر دیتا اس پر اللہ نے آیت إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ نازل فرمائی۔

بخاری نے حضرت ابو سعید خدری کا قول نقل کیا ہے حضرت ابو سعید نے فرمایا میں نے خود سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا کا تذکرہ آنے کے وقت فرمایا شاید قیامت کے دن ان کو میری شفاعت (کچھ) فائدہ پہنچائے اور ان کو ٹخنوں ٹخنوں تک آگ میں کر دیا جائے گا جس سے ان کا دماغ ابلنے لگے۔ ابو ہریرہ کی روایت کردہ حدیث سے ثابت ہو رہا ہے کہ آیت مندرجہ بالا مکہ میں ابو طالب کے حق میں نازل ہوئی۔

ترمذی اور حاکم نے بیان کیا اور ترمذی نے اس روایت کو حسن بھی کہا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا میں نے ایک شخص کو

ابو طالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔تفسیر الحسنات

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Tafsir Al Hasnat

Syed Muhammad Ahmed Qadri Sureh Tauba Ki Aayat

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾

ki Tasfir Mein Likhte Hain likhte Hain " Pehla Qaul Tu Ye Hai Ke Jab Abu Talib Per Maut Ka Waqat Aaya Huzoor ﷺ Unke Paas Tashrif Le gaye Aur Abu Jahal Aur Abdullah Bin Umaiya Wahan Maujod Thy Huzoor ﷺ Ne Abu Talib Ko Farmaya Aye Chacha Aap Keh Len Taki Main Allah Ke Huzoor Aapki Bakshish Ke Liye Dalil Pesh Kar sakun Tu Abu Jahal Aur Abdullah Bin Umaiya Bole Abu Talib Kya Abdul Muttallib Ke Deen Ko Na Pasand Karte Ho Aur Bararbar Kalma Pesh Farma rahe Thy Abu Jahal Aur Umaiya Barabar Bakwas Kar Rahe Rahe Thy Abu Talib Ka Aakhri Kalma Jo Tha Wo Ye Tha Ke Main Abdul Muttallib Ke Deen Per Hun Aur Kalma Padhne Se inkar kiya Tu Huzoor ﷺNe Farmaya Jab tak Mera Rab Mana Na Farmaye Ga Main Tumhari Bakshish Ke Liye Dua Karta Rahun Ga Tab Ye Aayat Nazil Howi Ke Nabi Aur iman Walon Ko layaq

Nahi Ke Mushriqon Ki Bakshish Chahen Agar Chey Wo rishtedar Hun Jabke Uneh Khul Chuka Ke Wo Dozakhi Hain..**Tafsir Al Hasnat Vol 3 Page 27**

اس کے بعد انبیاء کرام اور ان کی امتوں کے لیے صاف حکم تَجَنُّبُ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ آیا حتی کہ ان کے لیے دعاء مغفرت کی قطعی ممانعت کردی گئی۔

اور ابراہیم علیہ السلام کی جو دعا باپ کے لیے مذکور ہے اس کی وجہ وجیہ بیان فرما کر انہیں مستثنیٰ کیا گیا۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

"نہیں ہے نبی اور ایمان والوں کو زیبا کہ مشرکوں کے لیے استغفار کر کے بخشش چاہیں اگرچہ ہوں وہ رشتہ دار بعد اس کے کہ کھل چکا ہو کہ وہ جہنمی ہیں"۔

آیہ کریمہ کے شان نزول میں چند قول ہیں۔

پہلا قول تو یہ ہے کہ جب ابو طالب پر موت کا وقت آیا۔ حضور ان کے پاس تشریف لے گئے اور ابو جہل اور عبداللہ بن ابی امیہ وہاں موجود تھے۔ حضور نے اپنے چچا ابو طالب کو فرمایا اے چچا آپ لا الٰہ الا اللہ کہہ لیں تاکہ میں اللہ تعالےٰ کے حضور آپ کی بخشش کے لیے دلیل پیش کر سکوں تو ابو جہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بولے ابو طالب کیا عبدالمطلب کے دین کو ناپسند کرتے ہو اور حضور برابر کلمہ پیش فرما رہے تھے اور ابو جہل اور ابن امیہ برابر بکواس کر رہے تھے۔ ابو طالب کا آخر کلمہ جو تھا وہ یہ تھا کہ میں عبدالمطلب کے دین پر ہوں اور کلمہ پڑھنے سے انکار کیا تو حضور نے فرمایا لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ اُنْهَ عَنْكَ۔ فَنَزَلَتْ یعنی جب تک میرا رب منع نہ فرمائے گا میں تمہاری بخشش کے لیے دعا کرتا رہوں گا۔ تو یہ آیت نازل ہوئی مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ان یستغفروا للمشرکین وَلَوْ كَانُوْا اُولِيْ قُرْبٰى۔

اس پر علامہ حسین بن الفضل جرح فرما کر اس شان نزول کو صحیح نہیں مانتے۔

وہ فرماتے ہیں کہ ابو طالب کا انتقال ہجرت سے تین سال پہلے ہوا اور یہ سورۂ مبارکہ بعد ہجرت مدینہ میں نازل ہوئی لہٰذا یہ مستبعد ہے کہ شان نزول اس واقعہ پر مانا جائے۔

علامہ واحدی اس استبعاد کو مستبعد مان کر فرماتے ہیں۔

کہ کیا حرج ہے اگر شان نزول اس بنا پر صحیح مان لیا جائے کہ حضور ابو طالب کے لیے استغفار فرماتے رہے ہوں اس آیۂ کریمہ کے نازل ہونے تک اس لیے کہ آیۂ کریمہ جب مدینہ منورہ میں نازل ہوئی تو حضور استغفار میں اتنے دن مسلسل مشغول رہے حتیٰ کہ آیۂ کریمہ نازل ہو گئی۔

دوسرا قول یہ ہے جسے ابن سعد ابن عساکر علی کرم اللہ وجہہ سے راوی ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے حضور کو موت ابو طالب کی خبر دی تو فبکیٰ فقال اذهب فغسله وكفنه وواره غفر الله له ورحمه ففعلت وجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يستغفر له اياما ولا يخرج من بيته حتى

ابو طالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر روفی

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Tafsir E Raufi

Tafsir Raufi Mein Hazrat Ahah Rauf Mujaddadi Likhte Hain " Huzoor Abu Talib Se Marze Wafat Mein Abu Talib Ke iman Na Laane Per Ye Farmaya Tha Ke Jab Tak Mujhe Rook Na Diya Jaaye Tab Tak Tumhari Magfirat Ki Dua Karta Rahun Ga Tu Nabi Tab Ye Aaayt Nazil Howi { Mafhoom } Karim Baad Wafat Abu Talib Ke Unki Magfirat Ki Dua Farmaya Karte

"مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾

Tafser Raufi Tafsir vol 2 page 5

پہنچاتا ہے اور خلاف مبشر پہ اشارت ہی طرف تعظیم و تکثیر اسکے کہ لکھا ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض موت میں ابو طالب کے بعد ناامید ہونے ایمان اسکے سے وعدہ کیا تھا کہ تیرے واسطے مغفرت طلب کرونگا جبتک کہ مجھے نہی آویگی سو بعد وفات اسکے استغفار کرتے تھے صحابہ نے یہ بات معلوم کر کر کہا کہ ہم کیوں نہ اپنے آبا اور اقربا کے واسطے استغفار کریں کہ ابراہیم علیہ السلام نے واسطے پدر اپنے کے کیا ہے اور پیغمبر ہمارے ابی طالب کیواسطے کرتے ہیں یہ آیت نازل ہوئی مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوٓا اُولِيْ قُرْبٰى

ابوطالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر تبیان القرآن

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Tibyan Ul Quran

Mufassire Quran Gulam Rasool Saidi Sureh Tauba Ayat

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

Ki Tafsir Mein Ek Hadees Ke Aitraz Ke Jawab Mein Likhte Hain Ke is Hadees Per Aitrza Kiya Gaya Hai Ke abu Talib ki Maut Hijrat Se 3 Saal Pehle Howi Hai Aur Sureh Tauba Un Suraton Mein Se Hai Jo Madina Mein Aakhar Mein Nazil Howin imam Waahidi Ne iska Ye Jawab Diya Hai Ke Hosakta Hai Ke Nabi Karim ﷺ us Waqat Se Astagfar Karte Rahe Hun Hat,ta Ke Madina Mein is Surat ke Nazil Hone Tak Astagfar Karte Rahe Hun Aur jab Ye Aayat Nazil Howi Tu Aap ﷺ Ne Astagfar Tark Kar Diya is Jawab Ko Aksar Ajilla Ulama Ne Pasand Kiya Hai imam Raazi Aur Allama Aalosi Aur Alama Abu Hafas Damishqi Wagerhum inmen Shamil Hain Allama Aalosi Ne Ek Aur Jawab Ye Zikr kiya Hai Ke Sureh Tauba Ke Madni Hone Ka Maana Ye Hai ke iski Aksar Aur Galib Aayat Madni Hain is Liye Agar Ye Aayat Makka Mein Nazil Howi Ho Tu Wo Sureh Tauba Ke Madni Hone Ke Munafi Nahi Hai., is Hadees Mein Tasreeh Hai Ke Abu Talib Ne Taa Dame Marg Kalma Nahi Padha Aur islam Ko Qubol Nahi Kiya.... Tafsir e Tibyan Ul Quran Vol 5 Page 271

ابوطالب کا مرتے وقت کلمہ نہ پڑھنا

اس سے پہلی آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے زندہ کافروں اور منافقوں سے ترک تعلق اور محبت نہ رکھنے کا حکم دیا تھا اور اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مردہ کافروں سے بھی اظہار براءت کرنے کا حکم دیا ہے' اس آیت کے شان نزول میں اختلاف ہے، صحیح یہ ہے کہ یہ آیت ابوطالب کے متعلق نازل ہوئی ہے جیسا کہ اس صحیح حدیث سے واضح ہوتا ہے:

سعید بن مسیب اپنے والد مسیب بن حزن سے روایت کرتے ہیں کہ جب ابوطالب پر موت کا وقت آیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے۔ اس وقت اس کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بھی تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے چچا لا الہ الا اللہ کہئے' میں اس کلمہ کی وجہ سے اللہ کے پاس آپ کی سفارش کروں گا تو ابوجہل اور عبداللہ بن امیہ نے کہا اے ابوطالب! کیا تم عبدالمطلب کی ملت سے اعراض کرتے ہو؟ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک مجھے منع نہ کیا جائے میں تمہارے لیے استغفار کرتا رہوں گا تب یہ آیت نازل ہوئی ماکان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین۔ الآیہ۔

(صحیح البخاری رقم الحدیث: ٤٦٧٥٬ صحیح مسلم رقم الحدیث: ٢٤٬ سنن النسائی رقم الحدیث: ٢٠٣٥٬ مسند احمد ج ٥ ص ٤٣٣٬ اسباب النزول للواحدی رقم الحدیث: ٥٣٠٬ سیرت ابن اسحٰق ج ١ ص ٢٣٨-٢٣٧)

اس حدیث پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ ابوطالب کی موت ہجرت سے تین سال پہلے ہوئی ہے اور سورۃ التوبہ ان سورتوں میں سے ہے جو مدینہ میں آخر میں نازل ہوئیں' امام واحدی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت سے استغفار کرتے رہے ہوں حتیٰ کہ مدینہ میں اس سورت کے نازل ہونے تک استغفار کرتے رہے ہوں' اور جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ نے استغفار ترک کردیا۔ اس جواب کو اکثر اجلہ علماء نے پسند کیا ہے' امام رازی اور علامہ آلوسی اور علامہ ابوحفص دمشقی وغیرہم ان میں شامل ہیں۔ علامہ آلوسی نے ایک اور جواب یہ ذکر کیا ہے کہ سورہ توبہ کے مدنی ہونے کا معنی یہ ہے کہ اس کی اکثر اور غالب آیات مدنی ہیں' اس لیے اگر یہ آیت مکہ میں نازل ہوئی ہو تو وہ سورہ توبہ کے مدنی ہونے کے منافی نہیں ہے۔

اس حدیث میں تصریح ہے کہ ابوطالب نے تادم مرگ کلمہ نہیں پڑھا اور اسلام کو قبول نہیں کیا۔

ابوطالب کے ایمان کے متعلق ایک روایت کا جواب

امام ابن اسحٰق نے اپنی سند کے ساتھ حسب ذیل روایت بیان کی ہے' اس سے شیعہ ابوطالب کا ایمان ثابت کرتے ہیں:

از عباس [illegible] از بعض اہل خود از ابن [illegible]ق' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوطالب کی بیماری کے ایام میں اس کے پاس [illegible] تو آپ نے فرمایا: اے چچا! لا الہ [illegible] اس کی وجہ سے قیامت کے دن آپ کی شفاعت کروں گا۔ ابو[illegible] بھتیجے! اگر مجھے یہ خوف [illegible] اور تمہارے اہل بیت کو یہ طعنہ دیا جائے گا [illegible] صرف تمہاری خوشنودی کے لیے یہ کلمہ پڑھتا' جب ابوطالب کی طبیعت زیادہ بگڑی تو اس کے ہونٹ ہلتے ہوئے دیکھے گئے' عباس نے ان کا کلام سننے کے لیے اپنے کان ان کے ہونٹوں سے لگائے' پھر عباس نے اپنا سر اوپر اٹھا کر کہا یا رسول اللہ! بے شک اللہ کی قسم! اس نے وہ کلمہ پڑھ لیا ہے جس کا آپ نے ان سے سوال کیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے نہیں سنا۔

(سیرت ابن اسحٰق ج ١ ص ٢٣٨٬ مطبوعہ دار الفکر)

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِكُلِّ شَيْءٍ

تبیان القرآن

جلد پنجم

التوبہ تا یوسف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی۔ ۳۸

ناشر

فرید بک سٹال' ۳۸۔ اردو بازار' لاہور ۲

ابو طالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر مظہر القرآن

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Mazhar Ul Quran

Mufassire Quran Mazhar Ullah Dehlvi Sureh Tauba Ayat

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾

Farmate Hain Shane Nozul Hasil Matlab Ye Hai Ke Kai Sabbaun Ka Majmua Mil Kar is Aayat Ki Shane Nozul HaiSahih Ye hai Ke Awal Sabab Abu Talib Ki Wafat hai Aan Hazrat ﷺ Abu Talib Ke Paas Gaye Aur kaha Ke Aye Chacha is Waqat Bhi Tum lKalma Moon Se Kaho Ge Tu Mujh Ko Allah Ki Bargah Mein Tumhari Shafa,,at Ka Mauqa Mile Ga Lekin Us Waqat Abu Jahal ibne Umaiya Bhi Wahan Maujod Tha Usne Abu Talib Ko Bahqaya Aur Kaha Kiya Aakhri Waqat Aye Abu Talib Tum Abdul Muttalib Ke Tariqe Se Phirte Ho ? Is Liye Aakhir Waqat Per Abu Talib Ne Yahih kaha Ke Main Abdulmuttalib Ke Tariqe Per Duniya Ko Chhurta Hun is Per Aan Hazrat ﷺ Ne Farmaya Kahir Jab tak Allah Mujhko Manaa Na Farmaye ga Main Apne Cha Cha Abu Talib Ke Liye Magfirat Karta Rahun Ga is Per Allah Ne Ye Aayat nazil Farmai

Tafseer Mazhar Ul Quran Vol 1 Page 586

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾

(یہ ۱؎ وہ لوگ ہیں) جو توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے، حمد کرنیوالے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنیوالے، نیک کاموں کا حکم کرنیوالے اور برے کاموں سے منع کرنیوالے اور احکام الٰہی کا لحاظ رکھنے والے ہیں، اور ایمانداروں کو خوشخبری سنا دو ﴿۱۱۲﴾ نبی (کریم ﷺ) کو ۲؎ اور مسلمانوں کو لائق نہیں کہ بخشش طلب کریں مشرکوں کے واسطے اگرچہ وہ ان کے رشتہ دار (ہی) ہوں جب کہ ان کو یہ معلوم ہو چکا کہ وہ لوگ دوزخی ہیں ﴿۱۱۳﴾

۱؎ اس آیت میں نو صفتیں بیان کی ہیں کہ جس میں یہ صفتیں ہوں گی اس کے واسطے خدا جنت مقرر کر چکا اور فرمایا کہ مومنوں کو اس کی خوشخبری سنا دو کیونکہ مومن وہی ہے جس میں یہ سب خوبیاں ہوں۔

مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت کی ممانعت کا حکم

۲؎ شان نزول: حاصل مطلب یہ ہے کہ کئی سببوں کا مجموعہ مل کر اس آیت کی شان نزول ہے۔ صحیح یہ ہے کہ اول سبب ابو طالب کی وفات ہے کہ آنحضرت ﷺ ابو طالب کے پاس گئے اور کہا کہ: "اے چچا! اس وقت بھی تم کلمہ منہ سے کہو گے تو مجھ کو اللہ کی بارگاہ میں تمہاری شفاعت کا موقع ملے گا"۔ لیکن اس وقت ابو جہل ابن امیہ بھی وہاں موجود تھا۔ اس نے ابو طالب کو بہکایا اور کہا "کیا آخری وقت اے ابو طالب! تم عبد المطلب کے طریقہ سے پھرتے ہو"۔ اس لئے آخر وقت پر ابو طالب نے یہی کہا کہ: "میں عبد المطلب کے طریقہ پر دنیا کو چھوڑتا ہوں"۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "خیر جب تک اللہ تعالیٰ مجھ کو منع نہ فرمائے گا میں اپنے چچا ابو طالب کے لئے مغفرت کی دعا کرتا رہوں گا" اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ مشرکوں کے لئے استغفار کرنا نبی (ﷺ) کو اور مسلمانوں کو سزاوار (مناسب) نہیں۔ دوسرا سبب وہ ہے کہ ایک شخص صحابی اپنی مشرک ماں باپ کے لئے مغفرت کی دعا کیا کرتا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو منع کیا۔ اس شخص نے جواب دیا کہ "حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے مشرک باپ کے حق میں مغفرت کی دعا کیا کرتے تھے، اس لئے میں بھی مغفرت کی دعا کیا کرتا ہوں"۔ اس بات کا جواب اللہ تعالیٰ نے ان آیتوں میں یہ دیا کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر

ابو طالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر حسینی قادری

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Tafsir Hussaini

Tafsire Hussaini Qadri Mein Mulla Hussain Waaiz kaashfi

"مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ

Ki Tafsir Likhte Hain "is Aayat Ka Sabab Nuzul Ye Bhi Likha Hai Ke Janab Rahmatullil Aalamin ﷺ Jab Apne Chacha Abu Talib Ke Marzul Maut Mein Unke iman Laane Se Mayaus Howe Tu Apne Unse Waada Farmaya Tha Ke Main Tumahre Waste Duaye Magfirat Karun Ga Jab Jab Tak Haq Ta,ala Mujhe Mana Kardeaur Unki Wafat Ke Baad Unke Waaste Magfirat Karun Ga Jab Tak Haq Ta,Aala Mujhe Mana Na Kar De Aur Unki Wafat Ke Baad Aapne Waaste Talab e Magfirat Talab Ki Sahaba Kiram Ko Jab Ye Baat Maloom Howi Ke Aap Apne Cha Cha Abu Talib Ke Waaste Duaye Magfirat Kyun Nakirain Halanki hazrat ibarahi Khalil Ullah Ne Apne Baap{Chacha} Ke Waaste Duaye Magfirat Ki Hai Aur Ab hamare Rasool Apne Chacha Ke Liye Duaye Magfirat Karte Hain Tu ye Aayat nazil Howi

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ (113)

Tafsire Hussaini Qadrivol 1 page 415,416

نہیں صحیح اور درست نہیں لِلنَّبِيِّ واسطے نبی کے وَالَّذِينَ آمَنُوا اور او نہیں جو ایمان لائے ہین أَنْ يَسْتَغْفِرُوا یہ کہ طلب مغفرت کرین لِلْمُشْرِكِينَ واسطے مشرکون کے اور مفسرون نے اس آیت کا سبب نزول یہ بھی لکھا ہی کہ جناب رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ اجمعین جب اپنے چچا ابو طالب کے مرض الموت مین اونکے ایمان لانے سے مایوس ہوے تو آپنے اونسے وعدہ فرمایا تھا کہ مین تمھارے واسطے دعاے مغفرت کرونگا جب تک حق تعالی مجھے منع کر دے اور اونکی وفات کے بعد آپنے اونکے واسطے مغفرت طلب کی صحابہ رضی اللہ عنہم کو جب یہ بات معلوم ہوئی کہ آپ

اپنے چچا ابو طالب کے واسطے دعاے مغفرت کرتے ہین تو وہ بولے کہ ہم بھی اپنے آبا اور اقربا کے واسطے دعاے مغفرت کیون نکرین حالانکہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے باپ کے واسطے دعاے مغفرت کی ہی اور اب ہمارے رسول حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چچا کے لیے دعاے مغفرت کرتے ہین تو یہ آیت نازل ہوئی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور مسلمانون کو یہ بات درست نہین کہ مشرکون کے واسطے دعاے مغفرت کرین وَلَوْ كَانُوا اگرچہ ہون وہ مشرک أُولِي قُرْبَىٰ قرابت والے مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ بعد اسکے کہ ظاہر ہوگیا لَهُمْ واسطے اونکے أَنَّهُمْ یہ کہ مشرک أَصْحَابُ الْجَحِيمِ دوزخ مین رہنے والے ہین وَمَا كَانَ

ابوطالب کا خاتمہ اسلام پر نہیں ہوا۔ تفسیر کبیر امام رازی

Abu Talib Ki Maut islam Per Nahi Howi,,Tafsir imam Raazi

Tafsire Kabir Mein Sureh Tauba Ki Aayat " مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ

Ki Ke Shane Nuzul ke Taluk Se Hazrat imam Raazi Farmate Hain "Main Kehta Hun Ke is Ko Bai,ed Samjhna Bhi Aqal Se Ba,ed Hai kyun Ke Koi Harj Nahi Agar Ye Kaha Jaye Ke Nabi Karim Wafat Abu Talib Ke Waqat Nuzul E Aayat Astagfaar karte Rahe Be Shak Kuffar Ke sath Tashaddud is Surat Se Tu Biqul Zahir Hai Lekin Momkin Hai imandararon Ke Liye Apne Kuffar Walidain Ke Astagfar Ki ijazat Rahi Ho Aur Nabi Karim Bhi is Mein Dakhil Hun Phir is Aayat Ke Nuzul Ke Waqat Allah Ne Uneh Mana Kar Diya So Hargiz Ye Ba,ed Baat Nahi Hai

{ Yaan Ye Aayat Abu Talib Ke Taluk Se Nazil Howi hai}

Tafsire Kabeer Imam Raazi Vol 16 page 208,209

٢٠٨ قوله تعالى «ما كان للنبي والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين» الآية

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَى مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ «١١٣» وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ «١١٤»

على سبيل الاجمال .

قوله تعالى ﴿ما كان للنبي والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين ولو كانوا أولى قربى من بعد ماتبين لهم [illegible] وماكان استغفا[illegible]يم لأبيه إلا عن موعدة [illegible]ها إياه [illegible] له أنه عدو [illegible] [illegible]هيم لأواه حليم﴾

اعلم [illegible] أول هذه السور[illegible] المو ضع وجوب إظهار [illegible] والمنافقين [illegible] فى [illegible] الآية أنه [illegible] أمو[illegible] [illegible]ية القر[illegible] من الانسان كالاب والام ، كما أوجبت البراءة عن أحياءهم ، والمقصود منه بيان وجوب مقاطعتهم على أقصى الغايات والمنع من مواصلتهم بسبب من الأسباب وفيه مسائل :

